مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب کا واہ کینٹ میں

درسِ قرآن

منعقدہ ۲۶ فروری ۱۹۶۷ء

مرتبہ محمد عثمان غنی بی۔اے

(۵)

تو ذکرِ الٰہی میرے بزرگو! صرف ذکرِ الٰہی سارے گناہوں کا علاج، ساری بیماریوں کا علاج، ساری پریشانیوں کا علاج، ہماری غلطیوں کا علاج کیا ہے؟ ذکرِ الٰہی — آج اگر ہم اللہ کا ذکر کریں اس حیثیت کے ساتھ کہ اللہ کی عظمت ہمارے سامنے ہو، تو میرے بزرگو! پھر گناہ ہو ہی نہیں سکتا۔ میرا دکاندار بھائی یہ سوچے جب ترازو ہاتھ میں لے کہ میں اُس اللہ کا دیا ہوا تول رہا ہوں جس اللہ نے مجھے دکاندار بنایا، جس نے مجھے مال دیا، دولت دی، میرے ہاتھ میں ترازو دیا۔ اور اگر اُس کے سامنے قرآن کی پھر یہ آیت بھی ہو۔ وَ اَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ○ تو بھائی پھر تم ہی بتاؤ وہ کم تول سکتا ہے؟ وہ کم ناپ سکتا ہے؟ کسی صاحبِ قلم کے ہاتھ میں قلم ہو، اور وہ یہ سوچے کہ یہ میری قلم میرے لئے گواہ ہو گی نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ○ یہ قلم تو بہت اونچی چیز ہے۔ اس قلم نے خدا کے سامنے سرنگوں ہو کر لکھنا شروع کیا ہے۔ یعنی میں دیکھتا ہوں یہ جب سرنگوں ہو کر لکھتی ہے تو مجھے بھی خدا کے سامنے سرنگوں ہونا چاہیے اور مجھے اس وقت کو یاد کرنا چاہیے کہ یہ میری قلم میرے متعلق شہادت دے گی، مجھے خدا کا خوف رہنا چاہیے تو بھائی پھر قلم سے غلط بات نکل سکتی ہے؟ دنیا میں جتنے ہمارے کام ہیں، ہمارے چلنے کے، پھرنے کے، بیٹھنے کے، اُٹھنے کے، ان سب کاموں کے لئے سب سے بڑا ہادی، سب سے بڑا رہنما اللہ کا ذکر ہے اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ۔ جب اللہ کا ذکر آ جائے وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ۔ دل دہل جاتیں، دل ڈر جائیں یہ مومن کی پہلی نشانی ہے۔

نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پہلی امتوں میں تین شخص گذرے ہیں، کسی نبی کے حواری تھے۔ ان کا ذکر امام الانبیاء (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہے بخاری شریف میں موجود ہے۔ آج یہ بھی مسئلہ ہے ناکہ ہماری دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ بھائی! پہلے تو یہ سوچا جائے کہ ہماری دعائیں قبول کیسے ہوں۔ واقعی ہم دعا کرتے ہیں اللہ سے، مانگتے ہیں، ہمیں طریقہ آتا ہے اللہ سے مانگنے کا؟ — کہاں مانگنے کا طریقہ آتا ہے؟ اگر ہمارے پاس اللہ سے مانگنے کا طریقہ ہو تو پھر ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں قبول فرمائیں۔ اللہ تعالےٰ خود فرماتے ہیں قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔ مجھ سے مانگو، میں تمہاری پکار کو سنوں گا۔ تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا۔ تو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی قبولیت کے سلسلے میں ایک واقعہ ارشاد فرمایا۔ بخاری میں موجود ہے۔ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اس واقعہ کے خود مصدّق ہیں۔ امام الانبیاء (صلی اللہ علیہ وسلم) فرماتے ہیں کہ پہلی امتوں میں سے کسی امت کے تین افراد سفر کے لئے گئے (میں خوفِ الٰہی پر بات کر رہا ہوں) وہ پہاڑی راستہ تھا۔ جب پہاڑی راستے پر چلے وہ، بارش آئی، سخت بارش نے آ گھیرا تو وہ پناہ لینے کے لئے پہاڑی راستے پر ایک غار میں جا کر وہ پناہ گزین ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک بہت بڑی چٹان [illegible] اور اس [illegible] گئی [illegible]

[illegible] تو اس نہ کرنا چاہئے کہ آج سے [illegible] سال قبل ایک قوم نے خدا [illegible]

اب تینوں نے کہا کہ اب تو ہے ہی کوئی نہیں سوائے اللہ کے (ویسے بھی اللہ کے سوا کون ہے؟ یہ تو ہم کسی کسی وقت نشے میں آ جاتے ہیں تو کہتے ہیں اَنَا وَلَا غَیْرِیْ میں ہی ہوں، اور کوئی نہیں ہے۔ حالانکہ یہ بات غلط ہے۔ اَنَا کہاں ہے؟ اَنَا وَنَا کچھ بھی نہیں ہے، یہ تو اللہ ہی ہے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اللہ تو واحد لاشریک ہے۔ بندہ کیا ہے؟ بندے میں کچھ نہیں ہے جو چاہے وہ کرے۔ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ○ جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے۔ اللہ کی مرضی کے سوا کچھ بھی نہیں ہو سکتا [illegible] ہے! انسان کے ارادے کیا ہیں؟ اللہ تعالےٰ چاہیں تو ارادوں کی تکمیل کریں مگر مصیبت کے وقت جو اللہ کو یاد کرے وہ انسان بھی خوش نصیب ہے کہ مصیبت کے وقت بھی اللہ کو یاد کرلے — اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔ تمہاری پریشانیوں کے وقت تمہاری پکاروں کو سننے والا اور تمہاری تکلیفوں کو دور کرنے والا اللہ کے بغیر کوئی اور ہے؟)

تو اُن تینوں نے کہا کہ چلو بھائی اب اللہ ہی سے دعا مانگنی ہے، اس مصیبت کے وقت کون ہماری امداد کو پہنچ سکتا ہے؟ تینوں نے اللہ تعالےٰ سے دعا مانگنی شروع کی۔ مگر دعا کس طرح مانگی؟ اللہ تعالےٰ سے اپنا تعارف کرایا۔ (تعارف تو پہلے بھی تھا) یعنی یہ بتایا کہ اے اللہ! میں نے کبھی کبھی تیرا حکم مانا بھی ہے۔ میں باغی اور سرکش نہیں ہوں (پورا سرکش نہیں ہوں) میں نے یا اللہ! کبھی کبھی تیری بات مانی بھی ہے — اُن میں سے ایک انسان نے اپنے ماں باپ کی خدمت کا قصہ بیان کیا۔ (خلاصہ عرض کر رہا ہوں) کہ اے اللہ! میں تیرے حکم کے ماتحت [illegible]

[illegible] قدرتِ کاملہ کا مظہر [illegible] وہ بنجر زمین میں گلاب اُگا دیتا اور گلاب کے جھکتے ہوئے پھولوں کے ساتھ خار پیدا کر دیتا ہے۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

[illegible] جبکہ قرآنِ عزیز نے یہ تصریح کی

(باقی آئندہ)

پہلے میرے ماں باپ سو چکے تھے اور مَیں ساری رات یا اللہ اُن کے سرہانے پیالہ دودھ کا بھرا ہُوا لے کر کھڑا رہا کہ جس وقت میرے والدین جاگیں گے، مَیں پلاؤں گا — یہاں تک کہ سورج نکل آیا۔ اللہ! تُو جانتا ہے کہ مَیں نے تیرے حکم کے امتثال میں اپنے ماں باپ کو خوش کرنے کے لئے یہ ساری رات کا جو جاگنا تھا اس کو برداشت کیا اپنے بچوں کو بھوکا سُلا دیا۔ اللہ! مَیں اس پریشانی میں پھنسا ہوں اگر میری یہ عبادت تیرے حضور میں قابلِ قبول ہو چکی ہے، اللہ! اس پتھر کو ذرا [illegible] نکل سکیں۔ امام الانبیاء (صلی اللہ علیہ وسلم) فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کے حکم سے وہ پتھر سرک گیا۔ کچھ تھوڑی سی روشنی آ گئی، تھوڑا سا راستہ بن گیا۔

اب یہاں یہ جی کیسے ہو سکتا ہے؟

بھائی! پتھر لانے والا کون تھا؟ پتھر کی جو چٹان تھی وہ غار کے منہ پر مَیں نے لگائی؟ آپ نے لگائی؟ کس نے لگائی؟ چٹان کو بھیجنے والا بھی اللہ تعالےٰ، ہٹانے والا بھی اللہ تعالیٰ۔ اس میں کون سا استبعاد ہے؟

دوسرے سے کہا تم بھی دعا کرو۔ اُس نے بھی دعا کی اللہ تعالےٰ کے حضور۔ ایک مزدور کا واقعہ تھا۔ کہ یا اللہ! میرے پاس ایک مزدور تھا جب وہ مجھ سے مزدوری لینے لگا تو میرے اُس کے درمیان کچھ بحث ہو گئی۔ وہ چلا گیا۔ کچھ زمانے کے بعد وہ واپس آیا تو مَیں نے اس سے کہا کہ یہ غلّے کے انبار بھی تیرے، یہ ریوڑ بکریوں کا بھی تیرا، یہ بھوسے کے جو بنے ہوئے ہیں خزانے یہ بھی تیرے۔ تُو لے جا۔ اُس نے مجھے کہا کہ تُو میرے ساتھ [illegible] نے کہا۔ نہیں۔

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ [illegible] وَسَلَّمَ ثُمَّ قُمْنَا اِلَی الصَّلٰوۃِ قِیْلَ: کَمْ کَانَ بَیْنَہُمَا؟ قَالَ: خَمْسُوْنَ اٰیَۃً، مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم

اور اے اللہ! [illegible] نے اُسے ایک بندہ سمجھ کر، تیرا بندہ سمجھ کر مَیں نے اُس کے حق کو ضائع نہیں کیا۔ اللہ! تُو مجھ پر مہربانی فرما اور اس پریشانی کو دُور کر دے۔ امام الانبیاء فرماتے ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم) کہ پتھر اور سرک گیا۔

اب ان دونوں چیزوں میں خدا کا خوف ضرور ہے (اِذَا ذُکِرَ اللّٰہ پہ بات مَیں عرض کر رہا ہوں) جب اللہ کا نام آئے تو کیسے ڈرا جائے؟

تیسرا کہتا ہے کہ اچھا بھائی! میری بات بھی سنو۔ تیسرے نے خدا کے حضور دعا کی کہ اے ربّ العالمین! تُو جانتا ہے مَیں اپنے خاندان کی ایک لڑکی پر عاشق ہو گیا تھا مَیں نے اپنا مال اور دولت لُٹایا، آخر جب وہ میرے قابو میں آ گئی، مَیں جو چاہتا کر سکتا تھا لیکن جب مَیں نے اپنے بُرے ارادوں کو ظاہر کیا تو اُس لڑکی نے یہ کہا۔ اِتَّقِ اللّٰہَ۔ تُو خدا سے ڈر۔ اے اللہ! اُس کا یہ اِتَّقِ اللّٰہَ کہنا تھا کہ مَیں ہٹ گیا اور مَیں نے اپنے سارے فعلوں سے توبہ کی۔ میری جتنی دولت خرچ ہو چکی تھی اُس پر بھی مَیں نادم ہُوا۔ اللہ! مَیں نے تیرے خوف کی وجہ سے قابو پا لینے کے بعد اُس فعلِ شنیع سے اعراض کیا۔ اگر تیرے حضور میں میرا یہ عمل قبول ہے یا اللہ! تو اس پتھر کو ذرا سرکا دے۔ امام الانبیاء فرماتے ہیں (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کہ وہ پتھر پورا ہٹ گیا اور وہ تینوں کے تینوں اُس غار سے سلامتی کے ساتھ نکل گئے۔ (باقی آئندہ)

بقیہ: ہدایت دی راہ

نَوْقَکُمُ الطُّوْرَ، خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاذْکُرُوْا مَا فِیْہِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِکَ، فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ لَکُنْتُمْ مِّنَ [illegible]

السِّحْرِ [illegible] کی یاد سے خالی نہ [illegible] ازیں مجالس ذکر [illegible] حضرت [illegible] وہ شریک ہوں اور [illegible] اللہ عنہ سے

دے دامن وِچ کھلوتے سن اور اپنے سامنے پہاڑ نوں ویکھدے پئے سن کہ اوہ اوہناں تے ڈِگن والا اے اور اوہدے ڈِگن نال ایہہ فنا ہو جان گے تے اوہناں دا بی ماریا جائے گا۔ اللہ تعالےٰ اوہناں نوں ایہہ دسنا چاہندے سن کہ جیہڑا قانون تہانوں دِتا گیا اے اوہو ای تہاڈے لئی زندگی بخش اے اگر تسی اوہنوں چھڈ دیو گے تے مٹ جاؤ گے۔ ایس حقیقت نوں ایس مثال نے ہور زیادہ واضح کر دِتا کہ ایہہ پہاڑ تہاڈے سامنے بلند دکھائی دیندا پیا اے۔ جدوں تک ایہہ اپنی جگہ کھلوتا ہویا اے تسی زندہ او۔ اور جس ویلے ایہہ ڈِگا، اوسے ویلے تسی پِس جاؤ گے۔ پس ایسے طراں یقین کرو کہ تورات دی پابندی تہاڈی زندگی اے اور اوس تورات نوں چھڈ کے تسی ذلیل ہو جاؤ گے۔

باوجود ایڈا پکا عہد کرن دے ایہناں لوکاں نے نفرت دا اظہار کیتا تے آکھیا۔ سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا (البقرہ ۹۳) اک جگہ ایہناں دا ایہہ قول وی نقل کیتا گیا اے وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ (البقرہ ۸۸) تے کہندے نیں ساڈے دل غلافاں وِچ نیں۔ اسی ایس نبی دی تعلیم نوں قبول نہیں کردے۔ ایس گناہ اور نفرت دا نتیجہ تے ایہو سی کہ تہانوں اوسے ویلے فنا کر دِتا جاندا لیکن چونکہ اوس ویلے کوئی دوجی قوم تبلیغ تے دعوت دا فرض ادا کرن اُتے دنیا وِچ عدل قائم کرن واسطے تیار نہیں سی، ایس واسطے اساں تہاڈے تے اپنا فضل کیتا، تہاڈے اندر برابر نبی بھیجدے رہے جیہڑے تہاڈیاں غلط کاریاں دی اصلاح کر دے تے فیر تہانوں سِدھی راہ تے لے اُوندے نبیاں دے بھیجن نوں ایس آیت وِچ فضل اور رحمت نال تعبیر کیتا گیا اے اور ایس وِچ کوئی شک نہیں جس قوم وِچ نبی نہیں بھیجیا جاندا اے اوس قوم تے اللہ تعالےٰ دا سب توں وڈھا انعام ایہو ای ہوندا اے۔ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

(بشکریہ ریڈیو پاکستان)

★

فکرِ آخرت

ایم عبدالرحمٰن لودھیانوی شیخوپورہ

عقائد اسلام میں دو باتیں خاص طور پر ضروری ہیں۔ ایک ذات خداوندی پر ایمان لانا، دوسرے آخرت پر یعنی موت کے بعد کی زندگی پر ایمان لانا۔

انسان کی زندگی نقطۂ موت پر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ جاری رہتی ہے۔ آپ اس زندگی کو صرف ایک ہی نقطہ سے کامیاب بنا سکتے ہیں یعنی آپ خدا کے احکام کی پوری طرح پیروی کریں کیونکہ ان حکموں میں آپ کے دونوں جہاں کی بھلائی کا خیال رکھا گیا ہے۔ اگر آج آپ خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکموں پر نہیں چلیں گے تو موت کے بعد ہمیشہ نقصان میں رہیں گے اس لئے کہ خدا کا قانون یہ ہے کہ آپ جو بھی عمل اس دنیا میں کرتے ہیں اس کا ایک ذرہ بھی کہیں ضائع نہیں ہوتا اور اس عمل کی ذمہ داری ہمیشہ ہمیشہ کے لئے آپ پر قائم ہو جاتی ہے۔ یہ دنیا عمل کی زندگی ہے اور موت کے بعد کی زندگی اس دنیا کے عمل کا پھل پانے کی جگہ ہے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔

(ترجمہ) دنیا آخرت کی کھیتی ہے جو کچھ انسان اس میں بوئے گا وہی آخرت میں کاٹے گا۔

پس جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ان کا سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے عملوں کی ذمہ داری کا خیال کریں اور کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے موجودہ دنیا میں بگاڑ اور مشکلات پیدا ہوں اور کل موت کے بعد جب بدلہ پیش کیا جائے تو وہ حیران رہ جائیں۔

قیامت کے دن سب لوگوں کے اعمال کا وزن ہو گا۔ جن کے اعمالِ قلبیہ و اعمالِ جوارح وزنی ہوں گے وہ کامیاب ہوں گے اور جن کا وزن ہلکا ہو گا وہ خسارے میں رہے گا۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ فرماتے ہیں کہ ہر شخص کے عمل وزن کے مطابق لکھے جاتے ہیں۔ اگر ایک ہی کام اخلاص و محبت سے شریعت کے مطابق کیا اور برمحل کیا تو اس کا وزن بڑھ جائے گا اور اگر دکھلاوے یا ریس کی نیت سے کیا یا شرعی حکم کے مطابق نہ کیا یا بر وقت نہ کیا تو وزن گھٹ جائے گا۔ (پ۸ سورہ اعراف آیت ۸)

(ترجمہ، اور اس دن تول ٹھیک ہو گی)۔

بہکنے اور دھوکہ کھانے کی اور کوئی وجہ نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ تم انصاف کے دن پر یقین نہیں رکھتے ہو کہ جو چاہیں کرتے رہیں آگے کوئی حساب اور باز پرس نہیں۔ یہاں جو کچھ عمل ہم کرتے ہیں کون ان کو لکھتا اور محفوظ کرتا ہو گا؟ بس مر گئے سب قصہ ختم ہوا۔ اس کام کے لئے کراماً کاتبین فرشتے مقرر ہیں جو نہ خیانت کرتے ہیں نہ کوئی عمل لکھے بغیر چھوڑتے ہیں۔ نہ ان سے تمہارے اعمال پوشیدہ ہیں۔ جب سب عمل ایک ایک کر کے اس اہتمام سے لکھے جاتے ہیں تو کیا یہ سب دفتر یونہی بیکار چھوڑ دیا جائے گا؟ ہرگز نہیں یقیناً ہر شخص کے اعمال اس کے آگے آئیں گے اور اس کا اچھا یا بُرا پھل چکھنا پڑے گا۔

کتنا ہی سوچو اور غور کرو پھر بھی اس ہولناک دن کی پوری کیفیت سمجھ میں نہیں آ سکتی۔ پس مختصراً اتنا سمجھ لو کہ اُس دن جتنے رشتے ناتے خویشی اور آشنائی کے ہیں سب نیست و نابود ہو جائیں گے۔ سب نفسی نفسی پکارتے ہوں گے۔ کوئی شخص مالکُ الملک کے حکم کے بغیر کسی کی سفارش نہ کر سکے گا۔ عاجزی، چاپلوسی اور صبر و استقلال کچھ کام نہ آئے گا۔ دنیا میں جس طرح بادشاہ کا حکم رعایا پر، ماں باپ کا اولاد پر اور آقا کا نوکر پر جاری ہوتا ہے۔ اس دن یہ سب حکم ختم ہو جائیں گے اور اس شہنشاہ مُطلق کے سوا کسی کو دم مارنے کی قدرت نہ ہو گی۔ فقط بلا شرکت غیرے ظاہراً و باطناً اسی کا حکم چلے گا اور سارے کام حِسّاً و معناً اکیلے اُسی کے قبضہ میں ہوں گے۔

اس دن بڑے بڑے امور پیش آئیں گے۔ ایسا خوفناک روز نہ پہلے ہوا نہ آگے کبھی ہو۔ دوسرے اس روز [illegible] کو کوشش نہ کرنا چاہئے کہ آج سے [illegible] سال قبل ایک قوم نے خدا [illegible]

(۴) رپ۳۰ سُورہ عَبَس آیت ۳۴-۳۶)

(ترجمہ) جس دن کہ مرد اپنے بھائی سے، اپنی ماں اور باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنے بیٹوں سے بھاگ جائے گا۔

یعنی اس وقت ہر ایک کو اپنی فکر پڑی ہو گی۔ احباب و اقارب ایک دوسرے کو نہ پوچھیں گے بلکہ اس خیال سے کہ کوئی میری نیکیوں میں سے نہ مانگنے لگے یا اپنے حقوق کا مطالبہ کرنے لگے۔ ایک دوسرے سے بھاگے گا۔ مومنین کے چہرے نورِ ایمان سے روشن اور انتہائی خوشی سے خنداں و فرحاں ہوں گے۔ اور کافروں کے چہروں پر کفر کی کدورت چھائی ہو گی اور اوپر سے فسق و فجور کی ظلمت اور زیادہ [illegible]

(۵) رپ۲۴ سورہ مومن آیت ۳۹)

(ترجمہ) اے میری قوم! یہ جو دنیا کی زندگی ہے سو کچھ فائدہ اٹھا لینا ہے اور وہ جو پچھلا گھر ہے وہی ہے جم کر رہنے کا گھر۔ مطلب یہ ہے کہ فانی و زائل زندگی اور چند روزہ عیش و بہار میں پڑ کر آخرت کو نہ بھولو۔ دنیا کی زندگی بہرحال بھلی بُری طرح ختم ہونے والی ہے اس کے بعد وہ زندگی شروع ہو گی جس کا کبھی خاتمہ نہیں۔ عاقل کا کام یہ ہے کہ یہاں رہتے ہوئے اس کی درستی کا فکر کرے ورنہ ہمیشہ کی تکلیف میں مبتلا رہنا پڑے گا۔ وہاں ایمان اور عملِ صالحہ درکار ہیں۔ مال و متاع کو کوئی نہیں پوچھتا۔

(۶) رپ۲۱ سُورہ عنکبوت آیت ۶۴)

(ترجمہ) اور یہ دنیا کا جینا تو بس جی بہلانا ہے اور کھیلنا ہے۔ اور پچھلا گھر جو ہے سو وہی ہے زندہ رہنا اگر اُن کو سمجھ ہوتی۔

آدمی کو چاہیئے کہ یہاں کی چند روزہ زندگی سے زیادہ آخرت کی فکر کرے کیونکہ اصلی و دائمی زندگی وُہی ہے۔

(۷) رپ۱۳ سورہ رعد آیت ۲۶۔

(ترجمہ) اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں کچھ نہیں مگر متاع حقیر۔

دنیا کی آخرت کے مقابلہ میں اتنی بھی حقیقت نہیں جیسے ایک شخص اپنی انگلی سے سمندر کو چھوئے تو وہ تری جو انگلی کو پہنچی ہو سمندر کے سامنے [illegible] قدرتِ کاملہ کا مظہر اتم [illegible] وہ بنجر زمین میں گلاب اُگا دیتا اور گلاب کے مہکتے ہوئے پھولوں کے ساتھ خار پیدا کر دیتا ہے۔

فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

جبکہ قرآنِ عزیز نے یہ تصریح کی

(باقی آئندہ)

رہنے والا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ بھلائی تمہیں کیسے حاصل ہو ؟ جبکہ آخرت کی فکر ہی نہیں بلکہ دُنیا کی زندگی اور یہاں کے عیش و آرام کو اعتقاداً یا عملاً آخرت پر ترجیح دیتے ہو حالانکہ دُنیا حقیر و فانی اور آخرت اس سے کہیں بہتر اور پائیدار ہے پھر تعجب ہے کہ افضل کو چھوڑ کر مفضول کو اختیار کیا جائے۔

(۹) رپ۷ سورہ انعام آیت ۳۲

(ترجمہ) اور دنیا کی زندگی کھیل اور جی بہلانا ہے اور آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لئے بہتر ہے۔ کیا تم نہیں سمجھتے ؟

کفار کہتے ہیں خوب مزے اڑا لو دنیوی عیش کو خوب [illegible] کرو۔ یہی حال آج کل یورپ کے مادہ پرستوں کا ہے۔ جب حقیقت آنکھوں کے سامنے آ جائے گی اور بعث بعدالموت وغیرہ کے اقرار سے چارہ نہ رہے گا تب کہا جائے گا کہ انکار حقیقت اور "کفر بالمعاد" کا مزہ چکھو۔ انسان کی بڑی بدبختی یہ ہے کہ لقاء اللہ سے انکار کرے اور زندگی کے اس بلند ترین مقصد کو جھوٹ سمجھے یہاں تک کہ جب موت یا قیامت سر پر آ کھڑی ہو تب بے فائدہ کفِ افسوس ملتا رہ جائے کہ ہائے میں نے اپنی دنیوی زندگی میں یا یوم قیامت کے لئے تیاری کرنے میں کیسی ناقابلِ تلافی کوتاہی کی۔ دنیا کے کھیل تماشہ میں غرق ہو کر عاقبت کو بھول نہ بیٹھے۔ بلکہ یہاں رہ کر وہاں کی تیاری اور سفر آخرت کے لئے توشہ درست کرے۔

(۱۰) رپ۲۰ سورہ قصص آیت ۷۷

(ترجمہ) اور جو کچھ اللہ نے تجھ کو دیا ہے اس سے پچھلا گھر کما لے اور دنیا سے اپنا حصہ [illegible] اور بھلائی کر جیسے اللہ نے بھلائی [illegible] ے، اور ملک میں خرابی ڈالنی نہ چاہ۔

(مطلب) اس فانی دولت پر کیا اتراتا [illegible] جس کی وقعت اللہ کے ہاں پشہ کے برابر بھی نہیں۔ خوب سمجھ لے کہ خدا تعالیٰ کو اکڑنے والے اور اترانے والے بندے اچھے نہیں معلوم ہوتے اور جو چیز اس مالک کو نہ بھائے اس کا نتیجہ بجز ہلاکت اور تباہی کے

کو زندگی کہا جا سکتا ہے جو آخرت کی درستی میں خرچ کئے جائیں بقیہ تمام اوقات جو آخرت کی فکر وتیاری سے خالی ہوں ایک عاقبت اندیش کے نزدیک لہو و لعب سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے۔ پرہیزگار اور سمجھدار لوگ جانتے ہیں کہ ان کا اصلی گھر آخرت کا گھر اور ان کی حقیقی زندگی آخرت کی زندگی ہے۔

(۱۱) رپ۲۹ سورہ قیامہ آیت ۲۰، ۲۱

(ترجمہ) کوئی نہیں، پر تم چاہتے ہو جو جلد ملے اور چھوڑتے ہو جو دیر میں آئے

دنیا چونکہ نقد اور جلد ملنے والی چیز ہے اس لئے اسی کو تم چاہتے ہو اور آخرت کو ادھار سمجھ کر چھوڑتے ہو کیونکہ اس کے ملنے میں ابھی دیر ہے۔ انسان کی طبیعت میں جلد بازی داخل ہے۔ نیک لوگ پسندیدہ چیزوں کے حاصل کرنے میں جلدی کرتے ہیں اور بد تمیز آدمی اس چیز کو پسند کرتے ہیں جو جلد ہاتھ آئے خواہ آخر کار اس کا نتیجہ ہلاکت ہی کیوں نہ ہو۔

(۱۲) رپ۲۵ سورہ شوریٰ آیت ۲۰

(ترجمہ) جو کوئی آخرت کی کھیتی چاہتا ہو ہم اس کے واسطے اس کی کھیتی زیادہ کر دیتے ہیں اور جو کوئی دنیا کی کھیتی چاہتا ہو اس کو ہم اس میں سے کچھ دیں گے اور اس کے لئے آخرت میں کچھ حصہ نہیں۔

مطلب یہ ہے کہ ایک نیکی کا دس گنا ثواب دیں بلکہ سات سو گنا اور اس سے بھی زیادہ اور دنیا میں ایمان اور عمل صالح کی برکت سے جو فراخی و برکت ملے وہ علیحدہ ہے۔ دنیا کے واسطے جو محنت کرے وہ قسمت کے موافق ملے پھر اس محنت کا فائدہ آخرت میں کچھ نہیں۔

(۱۳) رپ۱۴ سورہ نحل آیت ۱۰۷

(ترجمہ) یہ اس واسطے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت سے عزیز رکھا۔

ایسے منکروں کو جو حیات دُنیا ہی کو کعبۂ مقصود ٹھہرا لیں کامیابی کا راستہ کہاں ملتا ہے ؟ جس نے دُنیا عزیز رکھی اس کو آخرت کہاں ؟

(۱۴) رپ۱۵ سورہ بنی اسرائیل آیت ۱۸

(ترجمہ) اور جس نے پچھلا گھر چاہا اور اس کے واسطے دوڑ کی جو اس کی دوڑ اور وہ یقین پر ہے سو ایسوں کی دوڑ

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ [illegible] وَسَلَّمَ ثُمَّ قُمْنَا اِلَی الصَّلٰوۃِ
قِیْلَ : کَمْ کَانَ بَیْنَھُمَا ؟
قَالَ : خَمْسُوْنَ اٰیَةً ، مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ
حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم

وَ ظَاهَرَتْ [illegible]
السَّحَرِ [illegible] کی یاد سے خالی [illegible]
حضرت [illegible] ازیں مجالس ذکر
اللہ عنہ سے [illegible] کہ وہ شریک ہوں [illegible]

کی کوشش ہرگز ضائع ہونے والی نہیں یقیناً بارگاہ احدیت میں حسن قبول سے سرفراز ہو کر رہے گی۔

(۱۵) رپ۳۰ سورہ انفطار آیت ۶، ۷

(ترجمہ) اے انسان ! تو اپنے رب کریم پر کس چیز سے بہکا ؟ اس نے تجھ کو بنایا پھر تجھ کو ٹھیک کیا پھر تجھ کو برابر کیا۔ جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ دیا ہرگز نہیں پر تم انصاف کے دن کو جھوٹ جانتے ہو۔

(مطلب) کیا رب کریم اس بات کا حقدار تھا کہ تو اپنی جہالت اور حماقت سے اس کے حلم پر مغرور ہو کر نافرمانیاں کرتا رہے اور اس کے لطف و کرم کا جواب کفران و طغیان سے دے۔ اس کا کرم دیکھ کر تو اور زیادہ شرمانا اور حلیم کے غصہ سے بہت زیادہ ڈرنا چاہیئے تھا۔ بے شک وہ کریم ہے لیکن منتقم اور حکیم بھی ہے۔ پھر یہ غرور اور دھوکہ نہیں تو اور کیا ہو گا ؟

(۱۶) رپ۲۷ سورہ حدید آیت ۲۰

(ترجمہ) جان رکھو کہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشہ اور آرائش ہے۔ اور آپس میں فخر کرنا اور مال و اولاد کی کثرت پر۔

(مطلب) آدمی کو اول عمر میں کھیل چاہیئے پھر تماشہ، پھر بناؤ سنگار اور فیشن، پھر ساکھ بڑھانا اور نام و نمود حاصل کرنا۔ پھر موت کے دن قریب آئیں تو پھر مال و دولت کی فکر، کہ پیچھے میرا گھر بار بنا رہے اور اولاد آسودگی سے زندگی بسر کرے مگر یہ سب ٹھاٹھ سامان فانی اور زائل ہیں جیسے کھیتی کی رونق و بہار چند روزہ ہوتی ہے پھر زرد پڑ جاتی ہے۔ آدمی اور جانور اس کو روند کر چورا کر دیتے ہیں۔ اس شادابی اور خوبصورتی کا نام و نشان نہیں رہتا۔ یہی حال دنیا کی زندگانی اور اس کے ساز و سامان کا سمجھو کہ وہ فی الحقیقت دغا کی ایک پونجی ہے۔ اور دھوکہ کی ٹٹی ہے۔ آدمی اس کی عارضی بہار سے فریب کھا کر اپنا انجام تباہ کر لیتا ہے۔ حالانکہ موت کے بعد یہ چیزیں کام آنے والی نہیں وہاں کچھ اور ہی کام آئے گا۔ یعنی ایمان اور عمل صالح۔ جو شخص دنیا سے یہ چیز کما کر لے گیا سمجھو بیڑا پار ہے۔ آخرت میں اس کے لئے مالک کی خوشنودی اور رضا مندی اور جو دولت ایمان سے خالی رہا اور کفر و عصیان کا بوجھ لے کر پہنچا اس کے لئے سخت عذاب۔ مرنے کے بعد مال اور اولاد وغیرہ کام نہیں آتے صرف وہ نیکیاں کام آتی ہیں جن کا اثر یا ثواب آئندہ باقی

مولانا محمد حفظ الرحمٰنؒ سیوہاروی

حضرت نُوح علیہ السلام

(۵)

اگرچہ یہاں پہنچ کر واقعہ کی تفصیلات ختم ہو جاتی ہیں۔ تاہم اس اہم واقعہ میں جو علمی اور تاریخی سوالات پیدا ہوتے ہیں یا پیدا کئے گئے ہیں وہ بھی قابلِ ذکر و مذاکرہ ہیں جو ترتیب وارِ درج ذیل ہیں۔

۱۔ طوفانِ نُوح عام تھا یا خاص

گیا طوفانِ نوح تمام کرۂ ارضی پر آیا تھا یا کسی خاص خطہ پر؟

اس کے متعلق علماء قدیم و جدید میں ہمیشہ سے دو رائے رہی ہیں۔ علماءِ اسلام میں سے ایک جماعت علماءِ یہود و نصاریٰ اور بعض ماہرین علوم فلکیات، طبقات الارض اور تاریخ طبیعات کی یہ رائے ہے کہ یہ طوفان تمام کرۂ ارضی پر نہیں آیا تھا بلکہ صرف اُسی خطہ میں محدود تھا جہاں حضرت نوحؑ کی قوم آباد تھی۔ اور یہ علاقہ مساحت کے اعتبار سے ایک لاکھ چالیس ہزار کیلومیٹر مربع ہوتا ہے۔

اس کے نزدیک طوفانِ نوحؑ کے خاص ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اگر یہ طوفان عام تھا تو اس کے آثار کرۂ ارضی کے مختلف گوشوں اور پہاڑوں پر ملنے چاہئیں تھے، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ نیز اس زمانہ میں انسانی آبادی بہت ہی محدود تھی اور وہ وہی خطہ تھا جہاں حضرت نوح (علیہ السلام) اور اُن کی قوم آباد تھی۔ ابھی حضرت آدم (علیہ السلام) کی اولاد کا سلسلہ اس سے زیادہ وسیع نہ ہؤا تھا جو کہ اس علاقہ میں آباد تھا۔ لہٰذا وہی مستحق عذاب الٰہی تھے اور اُن ہی پر طوفان کا یہ عذاب بھیجا گیا۔ باقی کرۂ زمین کو اس سے کوئی علاقہ نہ تھا۔

اور بعض علماءِ اسلام اور ماہرین طبقات الارض و تاریخ طبیعات کے نزدیک یہ طوفان تمام کرۂ ارضی پر حاوی تھا، اور ایک یہی نہیں بلکہ اُن کے خیال میں اس زمین پر متعدد ایسے طوفان آئے ہیں، اُن ہی میں سے ایک یہ بھی تھا، وہ پہلی رائے کے تسلیم کرنے والوں کو "آثار" کے متعلق سوال کا جواب یہ دیتے ہیں کہ "جزیرہ" یا عراقِ عرب کی اس سرزمین کے علاوہ بلند پہاڑوں پر بھی ایسے حیوانات کے ڈھانچے اور ہڈیاں بکثرت پائی گئی ہیں جن کے متعلق ماہرین علم طبقات الارض کی یہ رائے ہے کہ یہ حیوانات مائی ہیں اور صرف پانی ہی میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ پانی سے باہر ان کی زندگی ایک لمحہ بھی دشوار ہے۔ اس لئے کرۂ ارض کے مختلف پہاڑوں کی اِن بلند چوٹیوں پر ان کا ثبوت اس کی دلیل ہے کہ کسی زمانہ میں پانی کا ایک ہیبت ناک طوفان آیا جس نے پہاڑوں کی ان چوٹیوں کو بھی اپنی غرقابی سے نہ چھوڑا۔

ان ہر دو خیالات و آراء کی اُن تمام تفصیلات کے بعد جن کا مختصر خاکہ مضمونِ زیرِ بحث میں درج ہے۔ اہلِ تحقیق کی یہ رائے ہے کہ صحیح مسلک یہی ہے کہ طوفان خاص تھا، عام نہ تھا۔

البتہ قرآنِ عزیز نے "سنّت اللہ" کے مطابق صرف ان ہی تفصیلات پر توجّہ کی ہے جو موعظت و عبرت کے لئے ضروری تھے اور باقی مباحث سے قطعاً کوئی تعرض نہیں کیا اور ان کو انسانی علوم کی ترقی کے حوالہ کر دیا۔ وہ تو صرف یہ بتانا چاہتا ہے کہ تاریخ کا یہ واقعہ اہل عقل و شعور کو فراموش نہ کرنا چاہئے کہ آج سے [illegible] سال قبل ایک قوم نے خدا [illegible]

بھیجے ہوئے ہادی حضرت نوح علیہ السلام کے رشد و ہدایت کے پیغام کو جھٹلایا، ٹھکرایا اور قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ تو خدائے تعالےٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ کا مظاہرہ کیا اور ایسے سرکشوں اور متمردوں کو طوفانِ باد و باران میں غرق کر کے تباہ و برباد کر دیا اور اسی حالت میں حضرت نوح اور مختصر سی ایماندار جماعت کو محفوظ رکھ کر نجات دی۔ ان فی ذالک لعبرۃ لاولی الابصار۔

۲۔ پسرِ نوحؑ کی نسبی بحث

بعض علماء نے حضرت نوحؑ کے اس بیٹے کے متعلق یہ کہا ہے کہ یہ حقیقی بیٹا نہ تھا۔ اور [illegible] دعوے کئے۔ ایک جماعت کہتی ہے کہ وہ "ربیب" تھا یعنی حضرت نوحؑ کی بیوی کے پہلے شوہر کا لڑکا تھا جو حضرتِ نوحؑ سے نکاح کے بعد اُن کی آغوش میں پلا بڑھا۔ اور دوسری جماعت حضرتِ نوحؑ کی اس کافرہ بیوی پر خیانتِ عصمت کا الزام لگاتی ہے۔

ان علماء کو ان غیر مستند اور دُور از صواب تاویلوں کی ضرورت اس لئے پیش آئی ہے کہ ان کے خیال میں پیغمبر کا بیٹا کافر ہو یہ بہت مستبعد اور عجیب معلوم ہوتا ہے؟

مگر تعجب ہے کہ وہ اس نصِ قرآنی کو کیوں فراموش کر جاتے ہیں کہ حضرتِ ابراہیمؑ کے باپ "آذر" بت تراش و بت پرست کافر تھے۔ پس اگر ایک جلیل القدر پیغمبر کے باپ کے کفر سے رسولِ خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جلالت و عظمت اور منصبِ رسالت و نبوّت میں مطلق فرق نہیں آتا تو پھر عظیم المرتبت رسول و نبی کے بیٹے کے کفر سے اس پیغمبر کی عظمت و جلالتِ قدر میں کیا نقص آ سکتا ہے۔ بلکہ ایک حقیقت نگاہ اور حقیقت شناس کے نزدیک تو یہ رب العالمین اور خالق کائنات کی قدرتِ کاملہ کا مظہر اتم [illegible] وہ بنجر زمین میں گلاب اُگا دیتا اور گلاب کے مہکتے ہوئے پھولوں کے ساتھ خار پیدا کر دیتا ہے۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

(باقی آئندہ)

۴۔ ہے کہ کنعان حضرتِ نوحؑ کا [illegible] جبکہ قرآنِ عزیز نے یہ تصریح کی

بقیہ: اداریہ

میں سے ایک نمایاں جرم خون فروشی کا کاروبار ہے۔ پاکستان پریس ایسوسی ایشن کے حوالہ سے صوبہ کے مختلف سرکاری اور غیر سرکاری ہسپتالوں کے جائزہ پر مشتمل ایک خبر اخبارات میں شائع ہوئی ہے جس میں انسانی خون کے غیر انسانی کاروبار کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ اس رپورٹ کے مطابق مغربی پاکستان میں ساڑھے تین ہزار افراد خون فروشی کی شرمناک تجارت میں ملوّث ہیں۔ رپورٹ میں اگرچہ اُن دلالوں کی مذمت کی گئی ہے جو ضرورتمند بے بس اور مفلوک الحال شہریوں کو ورغلا [illegible] فروشی پر آمادہ کرتے ہیں مگر یہ مذمت اس غیر انسانی کاروبار کی روک تھام نہیں کر سکتی۔ محکمہ صحت کو شاید اس کا علم ہوگا اور اگر نہیں تو اب ہو جانا چاہیئے کہ بہت سے ایسے نوجوان ہیں جو منشیات کا استعمال کرتے ہیں۔ اور اپنے اخراجات کی کفالت کے لئے خون کے دلالوں کے بغیر براہ راست اپنے خون کا سودا کرتے ہیں اور غریب مریضوں کے پریشان حال لواحقین سے منہ مانگے دام وصول کرتے ہیں۔ ہسپتالوں کی حدود یا ان کے آس پاس ایسے دلال اور براہ راست خون کے سودا باز اکثر منڈلاتے رہتے ہیں۔ خون کا کاروبار یا تبادلۂ خون اگرچہ شرعی اعتبار سے خود محلِ نظر ہے تاہم عام اخلاقی اقدار اور دنیوی اعتبار سے بھی یہ سلسلہ انتہائی درجہ مذمت کے لائق ہے اور قانوناً قابلِ گرفت ہونا چاہیے۔ ہم حکومت کے اربابِ بست وکشاد سے پُرزور استدعا کرتے ہیں کہ اس مذموم کاروبار کے ذمہ دار لوگوں کو قانونی تعزیر کی مدد سے تنبیہ کرے تاکہ یہ شرمناک رسم بالکل معطّل ہو جائے۔

★ تعارف و تبصرہ ★

:مضطر گجراتی بی۔اے:

نام کتاب:- "تبصرۂ محمودی بر ہفواتِ مودودی"۔

سائز $\frac{22 \times 18}{8}$ حصہ اوّل ۲۵۰ صفحات قیمت ۳/۲۵ روپے

حصہ دوم ۱۹۲ صفحات قیمت ۳/۰ روپے۔

مصنّفہ:- محمود احمد عباسی صاحب۔

ملنے کا پتہ:- مکتبہ محمود $\frac{1}{26}$ بی ایریا لیاقت آباد کراچی $\frac{19}{}$۔

علامہ عباسی نے زیرِ نظر کتاب میں مولانا مودودی کی کتاب "خلافت و ملوکیت" پر طویل ناقدانہ تبصرہ کرتے ہوئے بڑی کاوش سے ان تمام جعلی اور بے سروپا تاریخی روایات کا ابطال کیا ہے۔ جن کے سہارے مولانا مودودی نے اپنی کتاب میں عام صحابہؓ بالخصوص سیدنا حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر نقد وجرح کی ہے۔

تاریخ دانوں سے یہ بات مخفی نہیں کہ عالم اسلام کا سب سے پہلا فتنۂ عظیمہ عبداللہ ابن سبا یہودی کا فتنہ ہے جس نے مسلمانوں کی وحدتِ ملیّہ اور وحدتِ عقیدہ دونوں کو سخت مجروح کیا۔ اسی فتنہ کی بدولت محترم خلیفۂ ثالث و راشدؓ کی المناک شہادت اور قتال بین المسلمین کے زہرہ گداز حادثے رُونما ہوئے۔ ابن سبا اور اس کے پیروؤں کی بنیادی پالیسی ہی یہ تھی کہ عامۃ المسلمین میں حضرات صحابہ کرامؓ کے متعلق شکوک وشبہات پیدا کر دیئے جائیں تاکہ اعتماد و واسطہ کی وہ تحریک فنا ہو جائے جس کے ذریعے تعلیمات قرآنی اور ہدایات نبوی تک صحیح رسائی ممکن ہے۔ ظاہر ہے کہ اس تسلسل واتصال کے خاتمہ کے بعد نہ قرآن مجید اُمّت کے ہاتھوں میں رہتا نہ سُنّتِ نبویؐ کا دامن۔

قرآن مجید نے خود اکثر مقامات پر منافقین کی صحابہؓ دشمنی کو بیان کیا ہے اور یہ صحابہؓ ہی کی جماعتِ قدسیہ تھی جس نے دین کے خلاف منافقین ومعاندین کی سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیا۔ لیکن یہ کتنا صدمہ انگیز امر ہے کہ مفسدین ومنافقین کی وضع کردہ روائتیں اور من گھڑت واقعات جن میں اکابر صحابہؓ واساطین دین پر حملے ہیں مسلمانوں کی تاریخ کا معتد بہ حصہ بن گئے۔ ہمارے مؤرخین نے اس بات کا قطعاً التزام نہیں کیا کہ جن وقائع میں بدمذہبوں کی دراندازیوں کا سخت امکان واحتمال تھا ان کی اخبار وروایات کو اختیار کرنے سے پہلے راویوں کو فنِ رجال کی مدد سے پرکھ لیتے۔ پھر ایک خبر جو کُتب حدیث میں بیان ہوئی ہو اس سے صرف نظر کر کے اس کے متناقض روایت کو لے لینا بھی اصولاً غلط ہے۔ ہمارے

جامعین تاریخ نے بعض مصالح کی بنا پر رطب ویابس کو تاریخ میں جمع کر دیا ہے۔ امام ابن جریر الطبریؒ پہلے شخص ہیں جن کی کتاب "تاریخ الامم والملوک" سب سے متقدم صحیح تاریخ سمجھی جاتی ہے۔ وہ ہر روایت کے راویوں کے نام کے ساتھ ماخذ کا ذکر بھی کرتے ہیں لیکن یہ عجیب بات ہے کہ ان کے اکثر راوی دنیائے رجال میں مجہول بلکہ مفقود الخبر ہیں اور جن کا سراغ ملتا ہے ان میں بہت سے ایسے ہیں جو خود امام طبری کی ولادت سے برسوں پہلے اس دنیا سے اُٹھ چکے تھے۔ مثال کے طور پر ان میں سے ایک عمر بن شبّہ ہیں۔ مشاجرات صحابہؓ کے قصے اکثر انہی کی زبان سے بلا واسطہ روایت کئے گئے ہیں۔ ورآنحالیکہ عمر بن شبّہ امام طبری کی ولادت سے ۲۲ برس پہلے وفات پا چکے تھے۔ ان حالات میں قرآن وحدیث کی شہادت کے مقابلے میں تاریخ کو اعتماد کا درجہ ہرگز نہیں دیا جا سکتا۔ اگر تاریخ اسلام کو حضرت امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ جیسے محققین روایت میسر آجاتے تو ہماری تاریخ کذب و افتراء سے مُلوث نہ ہوتی۔

بہرحال ہمارے "مصنفین" کے نزدیک اگر تحقیق اسی چیز کا نام ہے کہ جدید اسلوب میں "سبائیت" کی وکالت کی جائے تو مصر کے ڈاکٹر طٰہٰ حسین اور ڈاکٹر احمد امین نے بیشک بڑا کارنامہ کیا ہے اور مولانا مودودی بھی ان سے پیچھے نہیں رہے

عباسی صاحب نے اپنے تبصرے میں ان تمام تاریخی روایات کی حیثیت واضح کی ہے جو مختلف کتب تاریخ سے چُن کر مودودی صاحب نے اپنی کتاب میں پیش کی ہیں اور جن سے عدالت صحابہؓ اور سیرتِ صحابہؓ کا تصور قرآن وحدیث کی شہادت کے بالکل برعکس قائم ہوتا ہے۔ تاریخ اسلام کو مسخ کرنے کے فتنہ نے ہمارے طلباء کے ذہنوں کو پہلے ہی بہت حد تک مسموم کر رکھا ہے اور اکابر اسلام کی طرف سے ان کی بدگمانی بڑھتی جاتی ہے۔ اس تشویشناک صورت حال اور اس کے عواقب کی خطرناکیوں کے مؤثر انسداد کی سخت ضرورت تھی۔ سو محترم عباسی صاحب نے اس ضرورت کو حسبِ معمول زیرِ نظر کتاب میں بدرجۂ اتم پورا کر دیا ہے۔ ان کی تحقیقات اور متخرجہ نتائج سے اختلاف بھی ہو سکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض حوالوں میں ان سے سہو ہوا ہو۔ لیکن ان کی کاوش من حیث المجموع نہایت مُستحسن اور اہل علم خصُوصاً طلباء کے مطالعہ کی بہترین چیز ہے۔ اس سے تاریخ کے اصل حقائق معلوم کرنے میں بڑی مدد ملیگی۔

بقیہ: فکرِ آخرت

رہنے والا ہو۔

(۱۷) دپ۱۶ ع ۲ سُورہ کہف آیت [illegible]

(ترجمہ) سو جس کو اپنے رب کے ملنے کی امید ہو وہ کچھ نیک کام کرے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے۔

جس کسی کو اللہ تعالیٰ سے ملنے کا شوق [illegible]

یا اس کے سامنے حاضر کئے جانے کا خوف ہو، اسے چاہیئے کہ کچھ بھلے کام شریعت کے مطابق کر جائے اور اللہ تعالیٰ کی بندگی میں ظاہراً و باطناً کسی کو کسی درجہ میں بھی شریک نہ کرے۔ یعنی شرک جلی کی طرح ریا وغیرہ شرکِ خفی سے بھی بچتا رہے کیونکہ جس عبادت میں غیر اللہ کی شرکت ہو وہ عابد کے [illegible] وہ شریک ہوں۔

ام المومنین

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(مولانا عاشق الٰہی بلند شہری)

(۲)

حرمِ نبوّت میں آنا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنے پہلے شوہر سے بہت زیادہ محبت تھی۔ ایک مرتبہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان سے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ مرد و عورت دونوں جنتی ہیں۔ اور عورت مرد کے بعد کسی سے نکاح نہ کرے تو وہ عورت جنّت میں اس مرد کو ملے گی۔ اسی طرح اگر مرد دوسری عورت سے نکاح نہ کرے تو وہی عورت اسے ملے گی۔ اس لئے آؤ ہم دونوں عہد کریں کہ ہم میں سے جو پہلے اس دنیا سے چلا جائے دوسرا نکاح نہ کرے۔ یہ سن کر حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تم میرا کہا مانو گی؟ عرض کیا ماننے کے لئے تو مشورہ کر رہی ہوں۔ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ تم میرے بعد نکاح کر لینا۔ اس کے بعد دعا کی کہ اے اللہ! میرے بعد ام سلمہ کو مجھ سے بہتر خاوند نصیب فرما جو نہ اسے رنج پہنچائے اور نہ تکلیف دے۔

مسلم شریف میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کسی مسلمان کو کوئی مصیبت پہنچے اور اللہ کے حکم کے مطابق اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھے اور یہ دعا کرے:۔

اَللّٰھُمَّ اَجُرْنِیْ مِنْ مُّصِیْبَتِیْ وَ اَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا۔

اے اللہ! میری مصیبت میں مجھے اجر دے اور بہتر بدل عنایت فرما۔

تو اللہ تعالیٰ اس کو ضرور اس کی گئی ہوئی چیز سے بہتر عنایت فرماویں گے جب ابو سلمہ رضی کی وفات ہو گئی تو مجھے یہ حدیث یاد آئی اور دا میں کہا کہ (اس دعا کو کیا پڑھوں؟) ابو سلمہ سے بہتر کون ہوگا وہ سب سے پہلا شخص تھا جس نے اپنے گھر سے ہجرت کی۔ پھر آخر میں نے یہ دعا پڑھ لی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ جل شانہٗ نے ابوسلمہ کے بعد مجھے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں دے دیا۔

دانشمندی

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بڑی سمجھدار اور دانش مند تھیں۔ الاصابہ میں لکھا ہے:۔

وکانت ام سلمۃ موصوفۃ بالجمال البادع والعقل البالغ۔

ترجمہ:۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حسن و جمال میں شہرت رکھتی تھیں اور عقل و دانش اور صحیح رائے رکھنے والوں میں ان کا شمار تھا۔

سنہ ۶ھ میں یہ واقعہ پیش آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ مدینہ منورہ سے عمرہ کرنے کے خیال سے مکہ معظمہ کے لئے روانہ ہوئے (عمرہ، حج کی طرح ایک عبادت ہے جس میں حج سے کم کام کرنے پڑتے ہیں) جب مکّہ کے کافروں کو اس کی خبر لگی کہ (حضرت) محمّد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آ رہے ہیں تو انہوں نے بے جا باتیں شروع کر دیں، اور آپؐ کو مکّہ جانے سے روکنا چاہا۔ ناچار آپؐ کو مقامِ حدیبیہ میں ٹھیرنا پڑا۔ جاں نثار صحابہؓ یہ معاملہ دیکھ کر کافروں سے لڑنے کے لئے آمادہ ہو گئے۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح کی کوشش فرمائی۔ چنانچہ صلح ہو گئی اور فخرِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قدر رعایت کے ساتھ صلح فرما لی کہ کافروں کی ہر شرط [illegible] بظاہر ان کی شرطوں کے مان لینے میں مسلمانوں کا صریح نقصان معلوم ہوتا تھا۔ جب صلح نامہ مرتب ہو گیا تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہؓ سے فرمایا کہ (عمرہ کرنے کے لئے مکہ معظمہ تو جانا نہیں ہے اب تو واپسی ہی ہے لہٰذا) اٹھو (اپنا اپنا احرام کھول دو اور) قربانی کے جانور ذبح کر ڈالو پھر سر منڈا لو (چونکہ احرام کھولنا طبیعتوں کو گوارا نہ تھا اور مدینہ سے چونکہ عمرہ کے لئے آئے تھے اس لئے عمرہ ہی کو جی چاہ رہا تھا اور احرام کھولنے سے اپنا سفر ضائع جاتا نظر آتا تھا اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے لوگ ہچکچاہٹ محسوس کرنے لگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے فرمایا کہ لوگ احرام کھولنے کو بارِ گراں سمجھ رہے ہیں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ اے اللہ کے نبی! کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ سب احرام کھول دیں؟ اگر واقعۃً آپؐ کی ایسی خواہش ہے تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ آپ باہر نکل کر کسی سے ذرا نہ بولیں اور اپنے جانور کو ذبح فرما دیں اور بال مونڈنے والے کو بلا کر اپنے بال منڈا لیں۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا کہ باہر نکل کر اپنا جانور ذبح کر دیا اور بال منڈا لئے۔ جب صحابہؓ نے یہ ماجرا دیکھا تو سب احرام کھولنے پر راضی ہو گئے اور اپنے اپنے جانور ذبح کر ڈالے اور ایک دوسرے کا سر مونڈنے لگے۔ (اور سب نے احرام کھول دیا) ایسی بڑی مشکل حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مشورہ پر عمل کرنے سے سلجھ گئی۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس رائے کے متعلق جس سے یہ مشکل حل ہوئی حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ الاصابہ میں لکھتے ہیں:۔

واشارتھا علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم الحدیبیۃ تدل علی وفور عقلھا و صواب رأیھا۔

ترجمہ: حدیبیہ کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے رائے دینے سے پتہ چلتا ہے کہ وہ بڑی عقلمند اور ٹھیک رائے رکھنے والی تھیں ــــــ

درحقیقت یہ بڑی سمجھ کی بات ہے کہ انسان موقعہ کو پہچانے اور یہ سمجھ لے کہ اس وقت لوگ اپنے مقتدٰے کے قول پر توجہ نہیں دے رہے ہیں لیکن اس کے عمل کی اقتداء کریں گے۔ (باقی آئندہ)

خلافتِ راشدہ کانفرنس

[illegible] نومبر و یکم [illegible] بروز جمعرات، جمعہ بمقام جامع مسجد کلاں مولانا احمد صاحب (مرحوم) مرکزی تنظیم اہلسنت، مغربی پاکستان نے خلافت راشدہ کانفرنس کا انعقاد ڈیرہ اسمٰعیلخان میں منظور فرمایا ہے جس میں مندرجہ ذیل اکابرین امت شرکت فرما رہے ہیں۔ حضرت مولانا مفتی محمود صاحب، مولانا کوثر نیازی صاحب، علامہ عبدالستار صاحب تونسوی، مولانا قائم الدین صاحب عباسی، مولانا سید نور الحسن شاہ بخاری، علامہ دوست محمد صاحب قریشی، مولانا محمد ضیاء القاسمی صاحب، مولانا قاضی عبدالکریم صاحب، مولانا مفتی حافظ احمد شعیب صاحب۔

(مولانا) عبدالسلام صدر ڈسٹرکٹ تنظیم اہلسنت ڈیرہ اسمٰعیلخان

سیرت النبیؐ کا جلسہ

یکم دسمبر بروز جمعہ المبارک بعد نماز عشاء جامع مسجد برج اٹاری ضلع شیخوپورہ میں مولانا عطاء اللہ بغدادی سیرت النبیؐ کے موضوع پر تقریر کریں گے۔ (ماسٹر عبداللہ)

"دعائے صحت کی درخواست"

میرا جوان سال بھتیجہ سعید احمد ولد صغیر احمد مقیم جہلم چند ماہ سے بیمار ہے قارئین خدام الدین سے درخواست ہے کہ اس کی صحت عاجلہ وکاملہ کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ جزاک اللہ۔ طفیل احمد مکان [illegible] کریم پورہ متصل گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول۔ ایبٹ آباد

ہیں کہ ہم [illegible]

کام